Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ صفر ۱۳۴۱ھ مطابق ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء	نمبر ۴۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	ممانعت شکار جھیل ڈہریا۔ و ملک خانم	۱
۲	رخصت مدرس دوم مدرسہ عالیہ و تقررات عارضی۔	۲
۳	رخصت اہلمد میونسپلٹی۔	״
۴	اضافہ اہلمد اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر۔	״
۵	ہدایات و واجبات نسبت عطاء و اختیارات صاحب مہتمم بندوبست	״
۶	بابت تاخیر ترسیل بجائے تعمیرات۔	״
۷	نقشہ نرخ غلہ اجناس و نقشہ بارش۔	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۷ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

جھیل ڈہریا پرگنہ شاہ آباد مین مرغابیون و دیگر پرند کا شکار - اور ملک خانم کے قرب و جوار مین تیتر اور بٹیر و دیگر پرند کا شکار کوئی شخص نہ کھیلے - یہ دونون مقام صاحبزادگان مدظلہم کے شکار پرند کے واسطے مخصوص اور محفوظ کئے جاتے ہیں

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس روبکار کی صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس ارسال ہو کہ بذریعہ تحصیلدار و پولیس اعلان کرا دیا جائے کہ تا ابجرس صاحب کے پاس نقل روبکار بھیجی جائے

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

حسب منشاء حکم منظوری اجلاس ہمایون بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم - رخصت چھ ماہ مولوی محمد احمد امین مدرس دوم مدرسہ عالیہ بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار کی منظور ہوئی - اور عارضی تقرر بجائے رخصتی - مولوی افضال الحق مدرس ششم تنخواہ دار تیس روپیہ ماہوار کا بمشاہرہ پچاس روپیہ - اور بجائے مولوی افضال الحق - عارضی تقرر مولوی محمد یوسف کا بمشاہرہ تیس روپیہ منظور کیا گیا -

۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب میونسپل کمشنر - رخصت مزید چھ ماہ شوکت علی خان اہلمد میونسپلٹی بانتظام سابقہ بعوض عبدالجبار خان منظور کی گئی -

اضافہ

۱۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

مثبتہ رپورٹ سید محمد علی پیشکار - حامد علیخان اہلمد اجلاس ہذا کی تنخواہ بیس روپیہ ماہوار مین چار روپیہ ماہوار بصلہ انجام دہی خدمات یکم اکتوبر سنہ حال سے منظور کی گئی

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۳ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے - جو اختیارات بمنشاء حکم ۲۴ اگست سنہ ۱۹۲۲ء حسب دفعہ ۱۶۱ ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء صاحب مہتمم بندوبست کو عطا ہوئے ہین انکی اپیل و استصواب و نگرانی بمنشاء باب دہم دفعات ۲۱۰ لغایت ۲۱۸ ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء بحیثیت کمشنری نظامت مین اور بحیثیت بورڈ عدالت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مین دائر و فیصل ہونگے - چونکہ ریاست مین تمام عدالتون کے وہ نہین ہین کہ جو قانون مین درج ہین اس لئے برائے اعلان و اطلاع عام ایک نقل حکم ہذا کی درج گزٹ کیجائے - اور ایک ایک نقل بنام عدالہائے ماتحت مرسل ہو اور ایک نقل فائل بک مین رکھی جائے -

نقل نوٹ ناظم صاحب

بعد صدور حکم اجلاس اعلیٰ نمبری ۷۶۰ مصدرہ ۲۴ اگست سنہ ۱۹۲۲ء مندرجہ گزٹ ۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء مین ڈپٹی اہلمد اپیل کے یادداشت قابل غور پاتا ہون اور اسکو صدور حکم کے لئے باجلاس اعلیٰ پیش کرتا ہون - اسوقت تک تمام عدالتی کارروائیون کے اپیل فیصلہ جات صاحب مہتمم بندوبست کے نظامت مین ہوتے رہے ہین - اب صاحب موصوف کو دیہات زیر بندوبست علاقہ جدید مین تا زمانہ بندوبست اختیارات کلکٹری حسب قاعدہ دئے گئے ہین لیکن اسکی ضرورت ہے کہ باب دہم ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء کے متعلق بھی ہدایت جاری فرمائی جائے تاکہ کام قاعدہ کے مطابق ہو سکے اس لئے مین باب دہم کے دفعات ۲۱۰ لغایت ۲۱۸ پر اجلاس اعلیٰ کی توجہ مبذول کراتا ہون - اور اس بارہ مین احکام ہدایت کے اجرا کا مستدعی ہون تاکہ کوئی سوال مابہ البحث آئندہ پیدا نہو - ۱۸ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر پی ڈبلیو ڈی و صنعت و حرفت واقع ۲ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

اکثر دیکھا گیا ہے کہ کام ختم ہو جانے کے بعد بل ایک ایک سال بعد آتے ہین جس سے علاوہ ٹھیکہ دارون کی تکالیف کے حسابات بقایا مین پڑتے جاتے ہین اور کام ختم شدہ کی اگر جانچ کرنا مقصود ہو تو نہین کی جاسکتی ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

کہ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء سے کام ختم ہو جانے کے بعد فائنل بل ایک مہینہ کے اندر آجانا چاہئے - ورنہ اہلکاران متعلقہ مستوجب سخت باز پرس کے ہونگے اور ہم بل کی ادائگی ہرگز نہین کرینگے - صدور سے احکام ضابطہ جاری ہون - اور نیز ایک نقل روبکار ہذا بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری بھیجی جائے -

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتداے ٩ ر لغایت ١٥ ر اکتوبر ١٩٢٢ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد	افزون	تعداد خط	افزون
٩ ر اکتوبر ١٩٢٢ء یوم دوشنبہ	٠	٦٦٥	٠	٩١٢	نقشہ نہیں آیا	٠	٠	٨٣١	نقشہ نہیں آیا	٠	٠	٥٤٣
١٠ ر اکتوبر ١٩٢٢ء یوم سہ شنبہ	٠	٦٦٥	٠	٩١٢	″	٠	٠	٨٣١	″	٠	٠	٥٤٣
١١ ر اکتوبر ١٩٢٢ء یوم چہارشنبہ	٠	٦٦٥	٠	٩١٢	″	٠	٠	٨٣١	″	٠	٠	٥٤٣
١٢ ر اکتوبر ١٩٢٢ء یوم پنجشنبہ	٠	٦٦٥	٠	٩١٢	″	٠	٠	٨٣١	″	٠	٠	٥٤٣
١٣ ر اکتوبر ١٩٢٢ء یوم جمعہ	٠	٦٦٥	٠	٩١٢	″	٠	٠	٨٣١	″	٠	٠	٥٤٣
١٤ ر اکتوبر ١٩٢٢ء یوم شنبہ	٠	٦٦٥	نقشہ نہیں آیا	٠	″	٠	نقشہ نہیں آیا	٠	″	٠	٠	٥٤٣
١٥ ر اکتوبر ١٩٢٢ء یوم یکشنبہ	٠	٦٦٥	″	٠	″	٠	″	٠	٠	″	٠	نقشہ نہیں آیا

نقشہ نرخنامہ اجناس غلہ ریاست رامپور من ابتداے ١٠ ر لغایت ١٦ ر اکتوبر ١٩٢٢ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	٠٥ بار		[illegible] بار				دیگر تحصیلات نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	٠٧ بار		٠٧ بار				
نخود کسہ آمیز	[illegible] بار		[illegible] بار	٠			
کسہ	[illegible] بار		[illegible] بار				
ماش	٠٥ بار		٠٥ بار	٠			
مونگ	[illegible] بار		٥ بار				
مکا	٨ بار		٠٨ بار				
جئی	١٠ بار		١٠ بار				
گنی جئی			٨ بار				
عدس	٨ بار		٠٨ بار				
ارہر	١٠ بار		٠١٠ بار				
برنج	[illegible] بار		[illegible] بار				
روغن زرد	[illegible] چھٹانک						
روغن سیاہ	[illegible] بار		[illegible] بار				
روغن کنجد	١ بار		٠				
نمک سانبھر	٠١٢ بار		١١ بار				
نمک لاہوری	٦ بار		٦ بار				
نخود سیاہ	٠٢ بار		٠				
باجرہ	٠	٠	٠				